وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

بحرین محتسب کے وفد کا وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کا دورہ

وفد کو وفاقی محتسب اور ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن کی کارکردگی بارے بریفنگ دی گئی

ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ کرنے کی ضرورت پر زور

اسلام آباد( ) بحرین محتسب کے سیکرٹیریٹ جنرل کے پانچ رکنی وفد نے ترقیاتی ڈویژن کے چیف محمد توفیق علی تقی کی سربراہی میں گزشتہ روز وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کا دورہ کیا، وفد پاکستان میں احتساب کے تصور اور محتسب کے اداروں کے بارے ایک مطالعاتی دورے پر ہے۔ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ آمد پر وفد کو وفاقی محتسب کے مینڈیٹ، شکایات کے اندراج، کام کے طریق کار اور بدانتظامی کے خلاف جلد انصاف کی فراہمی کے بارے میں اٹھائے گئے اقدامات کے بارے میں ایڈوائزر شاہد ہمایوں نے تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ وفاقی محتسب کے قیام کا مقصد بدانتظامی کی شکایات کا ازالہ اور گڈ گورننس کا قیام ہے۔ وفاقی محتسب کا یہ ادارہ اپنی خدمات کو بہتر بنانے اور ملک کے پسماندہ اور دور دراز علاقوں تک اپنی رسائی کو یقینی بنانے پر اپنی توجہ مرکوز کئے ہوئے ہے۔ یہ ادارہ جنوری 1983ء میں قائم ہوا تو ابتداء میں اس کے صرف چار علاقائی دفاتر تھے جواب بڑھ کر 24 ہو گئے ہیں جس سے ملک کے دور دراز علاقوں میں رہنے والے عوام کی وفاقی محتسب تک رسائی میں اضافہ ہوا ہے۔ وفد نے بعد ازاں وفاقی محتسب میں قائم ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشین (اے او اے) سیکرٹیریٹ کا بھی دورہ کیا، جہاں سینئر ایڈوائزر اور اے او اے کے ایگزیکٹو سیکرٹری عبدالمعز بخاری نے وفد کو پاکستان کے بین الاقوامی کردار اور ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشین کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ اے او اے کی تنظیم بین الاقوامی طور پر مسلمہ اصولوں جیسے پیرس پرنسپلز، وینس پرنسپلز اور گڈ گورننس کے قیام کے لئے اقوام متحدہ کی 2022ء ریزولیوشن 77/224 کے مطابق کام کر رہی ہے۔ وفد نے آخر میں عوام الناس کی شکایات کو نمٹانے میں وفاقی محتسب کے طریق کار اور اعلیٰ کردار کی تعریف کرتے ہوئے ایک دوسرے کے تجربات سے فائدہ اٹھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ بحرین کے وفد نے وفاقی ٹیکس محتسب اور وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسیت (FOSPAH) کے دفاتر کا بھی دورہ کیا۔

(خالد سیال)
کنسلٹنٹ (میڈیا)
02/X/2024

03335333266

02 اکتوبر 2024ء